### عالمی بینک ملک میں دس سالہ پالیسی میں پانچ مختلف ایریاز پر کام کریگا، ناجی بن حساین کی چیف سیکرٹری شکیل قادر خان سے بات چیت

کوئٹہ (خ ن) چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان سے ورلڈ بینک کے کنٹری ڈائریکٹر ناجی بنہاسین کی قیادت میں وفد نے ملاقات کی۔ ملاقات میں پاکستان اور ورلڈ بینک کے اصلاحات اور ترقی کے ایجنڈے کو آگے بڑھانے کے لیے ایک نئے، مضبوط اور پر جوش کنٹری پارٹنرشپ فریم ورک (CPF) پر تعاون کرنے پر اتفاق کیا گیا۔ یاد رہے کہ معاہدہ وزیر اعظم شہباز شریف اور ورلڈ بینک کے کنٹری ڈائریکٹر ناجی بنہاسین کے درمیان طے پایا تھا۔ چیف سیکرٹری بلوچستان نے صوبے کی ترقی میں عالمی بینک کے تعاون و معاونت کو سراہا۔ انہوں نے وفد ........

بقیہ 41 صفحہ نمبر 7 پر

کو صوبائی حکومت کے مختلف شعبوں میں اصلاحاتی ایجنڈے کے بارے میں بتایا جس میں بجٹ میں تعلیم اور صحت شعبوں کی ترقی پر توجہ، لوکل گورنمنٹ کی ترقی، زرعی شعبے میں فی ایکڑ پیداوار میں اضافہ، بچوں کی نشوونما کے مسئلے کو حل کرنا وغیرہ شامل ہیں۔ اس موقع پر بنہاسین نے کہا کہ عالمی بینک ملک میں دس سالہ پالیسی میں پانچ مختلف ایریاز پر کام کریگا اس میں بنیادی صحت، متنوع غذائیت اور خاندانی منصوبہ بندی کی خدمات تک بہتر رسائی، صاف پانی، صفائی کی خدمات اور حفظان صحت تک بہتر رسائی، سیکھنے کی غربت میں کمی، معیاری اسکولوں اور بنیادی تعلیم تک بہتر رسائی، موسمیاتی تبدیلی کے لیے مزید لچک، ایک زرعی شعبہ جو پانی کی کمی اور خشک سالی کے لیے زیادہ لچکدار ہے۔



چیف سیکرٹری شکیل قادر خان سے ورلڈ بینک کے کنٹری ڈائریکٹر ناجی بنہاسین کی قیادت میں وفد ملاقات کر رہا ہے

CamScanner

بلوچستان [illegible] دہشتگردی کے واقعات میں اضافہ تشویشناک، سینیٹر عبدالقادر

[illegible]

MASHRIQ QUETTA

# عوام کیلئے نئی مشکل، دالیں مہنگی، آٹا، میدے کی قیمت میں بھی 20 فیصد اضافہ متوقع

نئے بجٹ کے بعد اشیائے ضروریہ کی قیمتوں نے اڑان بھری، دو آمدی ٹیکس میں رد و بدل سے دالیں 40 سے 50 روپے کلو تک مہنگی

2024 ... قیمت میں 185 ... قیمت میں 800 روپے ...

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) وفاقی بجٹ میں درآمدی ٹیکس میں رد و بدل کے بعد دالوں کی قیمتوں میں اضافہ ہو گیا، دالیں 40 سے 50 روپے کلو تک مہنگی ہو گئیں، مختلف ........ بقیہ 32 صفحہ نمبر 7 پر

شہروں نے اشیائے ضروریہ کی قیمتوں نے اڑان بھری، ماش کی دال کا نرخ 40 روپے کے اضافے سے 520 روپے کلو ہو گیا، چنے کی دال 40 روپے فی کلو کے اضافے سے 230 روپے فی کلو کے نرخ پر فروخت ہو رہی ہے۔ 40 روپے اضافے سے مسور کی دال 260 روپے فی کلو کے نرخ پر فروخت ہونے لگی، بڑا کابلی چنا 10 روپے کے اضافے سے 320 روپے فی کلو کے نرخ پر فروخت ہونے لگا۔ گندم کے ڈیلرز، رول ملرز اور فلور ملز کے کاروبار پر ودہولڈنگ ٹیکس لگنے سے آٹا، میدے اور فائن آٹے کے نرخوں میں بھی اضافے کا خدشہ ہے

## وفاقی محتسب کے حکم پر کوئٹہ کے رہائشی درخواست پر فوری عمل

رفعہ سعید کے گیس بل پر عائد 9266 روپے جرمانہ ختم کروا دیا گیا

کوئٹہ (این این آئی) وفاقی محتسب ریجنل آفس کوئٹہ میں کوئٹہ کے رہائشی درخواست گزار رفعہ سعید نے درخواست دائر کی تھی کہ اس کے گیس بل پر SSGC کی جانب سے بلا جواز جرمانہ عائد کیا گیا ہے۔ درخواست گزار کا موقف تھا کہ اس نے اس حوالے سے ........ بقیہ 43 صفحہ نمبر 7 پر

گیس دفتر کے کئی چکر لگائے مگر کوئی شنوائی نہیں ہوئی۔ بالآخر مجبور ہو کر انہوں نے انصاف کے حصول کی خاطر وفاقی محتسب کے ادارے میں درخواست دائر کی۔ درخواست موصول ہوتے ہی ریجنل آفس کوئٹہ کے عملے نے کارروائی کا آغاز کیا۔ اور گیس دفتر سے عملے کو طلب کر کے جواب مانگا متعلقہ محکمے کا عملہ جواز پیش کرنے میں ناکام رہا۔ چنانچہ وفاقی محتسب نے احکامات جاری کیے کہ فوری طور پر درخواست گزار رفعہ سعید کے گیس بل پر عائد جرمانے کو ختم کیا جائے۔ وفاقی محتسب کے احکامات موصول ہوتے ہی متعلقہ محکمے نے درخواست گزار کی گیس بل پر عائد 9266 روپے جرمانے کو ختم کر دیا۔ درخواست گزار نے وفاقی محتسب کے اس احسن اقدام پر شکریہ ادا کیا۔

## گلوبل وارمنگ کے خطرناک اثرات مرتب ہو رہے ہیں، نیاز کاکڑ

زیادہ سے زیادہ درخت لگا کر ہی ہم گلوبل وارمنگ کے اثرات کو کم کیا جا سکتا ہے

درختوں کی اہمیت پر ایس بی کے میں آگاہی سیمینار کے شرکا سے مقررین کا خطاب

کوئٹہ (ط ن) محکمہ جنگلات و جنگلی حیات اور انجینئر قادر داد لونی ویلفیئر ٹرسٹ کی جانب سے سردار بہادر خان ویمن یونیورسٹی میں ساون شجرکاری مہم کے حوالے سے ایک آگاہی پروگرام کا انعقاد کیا گیا جس میں کنزرویٹر کوئٹہ سول ڈویژن، پراجیکٹ ڈائریکٹر اپ ........ بقیہ 85 صفحہ نمبر 7 پر

سکیلنگ گرین پاکستان پروگرام وائلڈ لائف کمپوننٹ نیاز خان کاکڑ، انجینئر قادر داد لونی، پرو وائس چانسلر ایس بی کے ویمن یونیورسٹی، رجسٹرار، کیمپس ڈویلپمنٹ اسسٹنٹ یو ٹی پی پی وائلڈ لائف سید عبدالجلیل، رضوانہ سروری، عرش اشرف و دیگر نے شرکت کی

## گوادر، اقوام متحدہ کے ترقیاتی پروگرام کے تحت ٹیکنیکل ٹریننگ کا انعقاد

[illegible]

گوادر (این این آئی) گوادر انسٹیٹیوٹ آف ٹیکنالوجی میں اقوام متحدہ کے ترقیاتی پروگرام کے تحت بلوچستان کے طلباء کے لیے ٹیکنیکل ٹریننگ کا انعقاد، بلوچستان کے مختلف اضلاع سے ........ بقیہ 82 صفحہ نمبر 7 پر

## ڈی سی چمن کا دورہ پاسپورٹ آفس، عوامی شکایات سنی

[illegible]

چمن (ن ن) ڈپٹی کمشنر چمن ... نے پاسپورٹ آفس کا دورہ کیا اس دوران انہوں نے عوام کے مسائل کے حوالے سے ... لوگوں سے شکایات ........ بقیہ 82 صفحہ نمبر 7 پر

معلومات حاصل کیں۔ اس موقع پر پاسپورٹ آفیسر کی طرف سے ڈپٹی کمشنر کو پاسپورٹ آفس کو درپیش مسائل اور مشکلات کے حوالے سے بریفنگ دی گئی جس پر ڈپٹی کمشنر نے حکام بالا صوبائی و وفاقی اتھارٹیز سے بات کرنے کی یقین دہانی کرائی

... کے حوالے سے ... تربیت کے لیے ... ٹیکنیکل تربیت ... اقوام متحدہ کے ترقیاتی پروگرام کے ... کا انعقاد کیا گیا جس میں ... 2024 کے دوران ... کے دوران طلبہ کو ٹیکنیکل تربیت دی گئی

## مالی سال کے آخر میں 3 ارب 39 کروڑ روپے اضافی خرچ

[illegible] 35 ارب 32 [illegible]

بلوچستان حکومت نے ... کے تحت ... اخراجات میں کروڑوں روپے خرچ

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان حکومت نے گزشتہ مالی سال کے دوران سرکاری گاڑیوں کے فیول اور دفتری اخراجات کی مد میں 3 ارب 39 کروڑ روپے اضافی خرچ کیے، دستاویز کے مطابق گزشتہ مالی سال 2023-24 میں آپریٹنگ اخراجات کے لیے 31 ارب 93 کروڑ روپے رکھے گئے تھے، تاہم بلوچستان حکومت نے مالی سال کے آخر ........ بقیہ 16 صفحہ نمبر 7 پر

میں 3 ارب 39 کروڑ روپے اضافی خرچ کروائے۔ مالی سال کے اختتام پر آپریٹنگ اخراجات کی مد میں 35 ارب 32 کروڑ روپے جاری ہوئے دستاویز کے مطابق آپریٹنگ اخراجات گاڑیوں کے فیول اور دفتری اخراجات پر منتقل ہوئے ہیں، صوبائی حکومت نے آپریٹنگ اخراجات کی مد میں 3 ارب 39 کروڑ روپے اضافی خرچ کئے۔

CS CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: INTEKHAB QUETTA

Bullet No. 2

Dated: 04 JUL 2024 Page No. 18


## واشک میں محکموں کے دفاتر پر تالے لگ گئے

### ضلعی آفیسران موجود نہیں ہوتے، چیف سیکرٹری سے نوٹس لینے کی اپیل

واشک(نامہ نگار)ضلعی آفیسران ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر واشک سے غائب ہیں ڈپٹی کمشنر اور ایس پی کے علاوہ دیگر محکموں کے آفیسران کے چہروں کے دیدار کے لیے لوگ رل گئے جبکہ

بقیہ نمبر12 صفحہ7 پر

دیگر محکموں کے دفاتر پر تالے پڑے گئے ہے کئی مہینوں سے اپنے دفاتر کا دورہ تک نہیں کی گئی ہے اس شدید گرمی میں لوگ پینے کیلئے صاف پانی سے بھی محروم ہوکر رہ گئے ہے محکمہ پی ایچ ای عملہ اسٹاف ڈسٹرکٹ سے غائب واشک سے براستہ خاران روڈ زیارت کے مقام پر ناقابل سفر چھوٹے بڑے گاڑیوں کو آمد و رفت میں کافی مشکلات کا سامنا محکمہ بی این ڈار کے آفیسران اپنے دیگر گلیوں کے ہمراہ روڈ کو قابل سفر بنانے میں ناکام آفیسران بلوچستان کے دارالحکومت کوئٹہ میں اپنا آفس بنا کر ٹینڈر اور اسکیمات کے خرید وفروخت میں مصروف عمل ہیں واقع ڈسٹرکٹ کمپلیکس میں دفتروں کے سامنے لگائیں گئے محکمہ کی بورڈ کو مٹا کر غائب کردیا گیا ہے ضلعی ہیڈکوارٹر واشک میں آفیسران کا ڈیوٹی سے غائب رہنے کے باعث دوردراز دیہاتوں سے آنے والے عوام کو شدید مشکلات کا سامنا ہے تاہم عوامی مسائل کی جانب کوئی فکرمند نہیں واشک کے سماجی حلقوں نے چیف سیکرٹری بلوچستان و دیگر محکموں کے اعلیٰ ذمہ داروں سے اپیل کی ہیکہ واشک میں ضلعی آفیسران کا ڈیوٹی سے غائب ہونے کے نوٹس لینے کی اپیل کرتے ہوئے کہا کہ ہم مزید برداشت نہیں کریں گے بصورت دیگر ہم ڈپٹی کمشنر واشک کے آفس کے سامنے احتجاجی کیمپ لگا کر شدید احتجاج کریں گے۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Dated: 04 JUL 2024 Page No. 19

3

## طلباء و طالبات کیلئے بسوں کی تعداد میں اضافہ کیا جائے، جمعیت

## کیمں تربت دھرنے طویل روایات کا جنازہ نکال دیا، نیشنل پارٹی

## حکمرانوں کو دہشتگردوں کی سرپرستی ختم کرنا ہوگی، پشتونخوا میپ

## بلاول بھٹو آج کوئٹہ کا دورہ کریں گے

## چمن دھرنے کے مطالبات تسلیم کیے جائیں، مولانا لونی

## 8 فروری کے انتخابات ملکی مستقبل کیلئے نیک شگون نہیں، مولانا واسع

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 3

Dated: 04 JUL 2024 Page No. 20

## بلوچستان گڈز ٹرانسپورٹ ایسوسی ایشن کی ہڑتال کی حمایت کرتے ہیں

بلوچستان گڈز ٹرانسپورٹروں کو پنجاب اور سندھ میں بلاجواز چالان اور جرمانہ کرکے تھانوں میں بند کرنا ظلم ہے

حکومت ناروا اقدامات کا نوٹس لے [illegible]

کوئٹہ (پ ر) مرکزی انجمن تاجران بلوچستان رجسٹرڈ کے صدر عبدالرحیم کاکڑ، حضرت علی اچکزئی، [illegible] سابق [illegible] کاکڑ [illegible] اچکزئی [illegible] اللہ داد ترین [illegible] جہانگیر [illegible] شاہ رضا حسن آغا [illegible] خان، ملک مصطفیٰ کاکڑ [illegible] بازئی [illegible] علی کاکڑ [illegible] اور [illegible] نے بلوچستان گڈز ٹرانسپورٹ ایسوسی ایشن کی [illegible] کو ہونے والی ہڑتال اور مال بردار گاڑیوں میں سامان لوڈ نہ کرنے کے فیصلے کی حمایت کرتے ہوئے حکومت سے اپیل کی ہے کہ وہ بلوچستان گڈز ٹرانسپورٹروں کو پنجاب اور سندھ میں موٹر وے، ہائی وے اور پیٹرولنگ پولیس کے ساتھ ساتھ آر ٹی اے آفیسران کی جانب ...... بقیہ 59 صفحہ نمبر 7 پر

سے بلاجواز چالان اور جرمانہ کرکے ٹرانسپورٹروں اور گاڑیوں کو تھانوں میں بند کرنے کی مذمت کرتے ہیں حکومت ان ناروا اقدامات کا نوٹس لے تاکہ بلوچستان کے ٹرانسپورٹروں کی روزی کا پہیہ بھی رواں دواں رہ سکے بلوچستان میں پہلے ہی معاشی اور کاروباری سرگرمیاں نہ ہونے کی وجہ سے کاروباری حضرات کو مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے اسی طرح بلوچستان سے تعلق رکھنے والوں سمیت دیگر شعبوں سے وابستہ لوگ بھی حکومت اور اداروں کی غلط پالیسیوں اور کارروائیوں کے خلاف سراپا احتجاج ہیں

INTEKHAB QUETTA

## اختر مینگل سندھ کی قوم پرست جماعتوں کو اپوزیشن الائنس میں لانے کیلئے سرگرم

پہلے مرحلے میں قائم مقام صدر بلوچستان نیشنل پارٹی ایڈووکیٹ ساجد ترین گرینڈ اپوزیشن الائنس کے دیگر رہنماؤں کے ہمراہ سندھ کا دورہ کریں گے

سردار اختر جان مینگل نے گزشتہ کچھ دنوں سے سندھ کے قوم پرست رہنماؤں سے رابطے کئے ہیں

کوئٹہ (یو این اے) سربراہ بلوچستان نیشنل پارٹی کے سربراہ و سابق وزیراعلیٰ بلوچستان سردار اختر جان نے سندھ کی کئی قوم پرست جماعتیں رہنما بھی گرینڈ اپوزیشن الائنس (تحریک تحفظ آئین) کا حصہ بننے کو تیاری کرلی ہے اگلے چند دنوں میں پہلے مرحلے میں قائم مقام صدر بلوچستان نیشنل پارٹی ایڈووکیٹ ساجد ترین گرینڈ اپوزیشن الائنس کے دیگر رہنماں کے ہمراہ سندھ کا دورہ کریں گے جہاں وہ سندھ کے قوم پرست رہنماں سے ملاقات کریں گے اور انہیں تحریک تحفظ آئین میں شمولیت کی دعوت دی بقیہ نمبر 61 صفحہ 5 پر

جائے گی سردار اختر جان نے مینگل گزشتہ کچھ دنوں سے سندھ کے قوم پرست رہنماں سے رابطے کیا ہے اور قائم مقام صدر بی این پی ساجد ترین دیگر گرینڈ اپوزیشن الائنس رہنماؤں کے ہمراہ سندھ کا دورہ جلد کرنے کی ہدایت کردی ہے۔

## حق دو عوام کو تحریک کا آغاز اسلام آباد میں دھرنے سے ہوگا حافظ نعیم

حکمران طبقہ ٹیکسوں کا بوجھ آدمی پر لاد دیا گیا معاشی دہشت گردی ہو رہی ہے، حافظ نعیم الرحمن

بجلی کے بل بموں کی صورت میں عوام پر گر رہے ہیں جبکہ اراکین پارلیمنٹ کی مراعات میں اضافہ کیا گیا، پریس کانفرنس

اسلام آباد (آن لائن) امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمن نے 12 جولائی کو وفاقی دارالحکومت میں "حق دو عوام کو" کے نام سے دھرنے کا اعلان کرتے ہوئے کہا ہے کہ اگر حکمرانوں نے دھرنے کو روکنے کی کوشش کی تو اس کے سنگین نتائج ہونگے اپوزیشن جماعتوں کے ساتھ رابطے میں ہیں تاہم کسی بھی اتحاد کا حصہ نہیں بنیں گے۔ یہاں پریس کانفرنس کے دوران انہوں نے کہا کہ اس وقت ملک میں امن وامان اور معیشت کی صورتحال اچھی نہیں ہے ہے اور اس موقع سے فائدہ اٹھا کر بالادست لوگ دبئی میں پراپرٹی خرید رہے ہیں اس صورتحال میں ملک کے غریب لوگ کہاں جائیں۔ نام نہاد سیاستدان اپنے بچوں کیلئے ملک بقیہ نمبر 3 صفحہ 5 پر

سے باہر بڑی بڑی تعلیمی اداروں کا انتخاب کرتے ہیں ملک میں 2 کروڑ سے زائد بچے سکولوں سے باہر ہیں ملک میں یکساں نظام تعلیم رائج کرنے کا شور سنا تھا تا یا جائے کہ بچے معیاری تعلیم کہاں سے حاصل کریں کیونکہ اب اچھی تعلیم بھی قابل خرید ہوگئی ہے اور جس کے پاس اچھے پیسے ہونگے اس کو اچھی تعلیم ملے گی انہوں نے کہا کہ یہاں پر ہر ایک کیلئے الگ الگ اینٹینس ہے اور امن خریدنے کیلئے سکیورٹی گارڈ رکھنے پڑتے ہیں انہوں نے کہا کہ ملک کی صورتحال اچھی نہیں ہے امن وامان اور معاشی صورتحال انتہائی خراب ہے مڈل کلاس اور تنخواہ دار لوگ کہاں جائیں سرکاری سکولوں اور کالجوں میں تعلیم کو قابل فروخت بنادی گئی ملک میں پڑے لکھے جاہلوں کی حکومت رہی ہے حکمران طبقہ ٹیکسوں کا بوجھ آدمی پر لاد دیا گیا معاشی دہشت گردی ہو رہی ہے اس پر بھی ڈو مور کہا جارہا ہے انہوں نے کہا کہ ہمیں اس جنگ میں دھکیل دیا گیا جو ہماری جنگ نہیں تھی اور اب یہ "ڈو مور" کا مطالبہ کررہے ہیں تنخواہ دار طبقے پر ٹیکس لگا کر نچوڑا جارہا ہے لوگوں کے سوا بند کرکے پاکستان میں افراتفری پیدا کررہے ہیں بجلی کے بل بموں کی صورت میں عوام پر گر رہے ہیں جبکہ اراکین پارلیمنٹ کے مراعات میں اضافہ کیا گیا اراکین پارلیمنٹ کے الاؤنسز بڑھادی گئی اسی طرح ججز کے الاؤنسز میں بھی اضافہ کیا گیا ہے۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 4

Dated: 04 JUL 2024 Page No. 21


## کوئٹہ: بہنوئی کی گاڑی اور رقم ہتھیانے کیلئے ڈکیتی کا ڈرامہ بے نقاب

**کراچی میں رہائش پذیر نور علی نے 3 لاکھ روپے دیئے اور گاڑی سسرال میں کھڑی کی**

**سالے نے اطلاع دی کہ ڈکیتی ہوگئی، تفتیش کے بعد ملزم 3 ساتھیوں سمیت گرفتار، گاڑی اور رقم برآمد**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) شرقی بائی پاس پر تین ماہ قبل گھر میں ہونے والی ڈکیتی کا معمہ حل سالے نے بہنوئی کی گاڑی اور نقدی ہتھیانے کیلئے اپنے ہی گھر میں ڈکیتی کا ڈرامہ رچایا، سیریس کرائم انوسٹی گیشن ونگ نے ملزم کو اس کے دو سالوں سمیت گرفتار کر کے گاڑی، نقدی اور چار موبائل فونز برآمد کر لئے پولیس کے مطابق پشین کے رہائشی نور علی ولد عبدالقادر نے تھانہ منظور شہید میں چھ مئی کو رپورٹ درج کرائی تھی کہ میں کراچی میں ہوٹل چلا رہا ہوں اور اپنی فیملی کے ہمراہ کراچی ہی میں رہائش پذیر ہوں میں نے تین لاکھ کی نقدی اپنے سالے کو دی تھی جبکہ اپنی گاڑی بھی اپنے سسرال شرقی بائی پاس مری ٹاؤن میں کھڑی کی ہوئی تھی، اس دوران میرے سالے محمد نبی نے مجھے فون پر بتایا کہ پولیس یونیفارم میں دو افراد گھر میں آئے اور تین لاکھ کی نقدی، میری گاڑی اور چار موبائل فونز لے کر فرار ہو گئے۔ پولیس نے مقدمہ درج کر کے کیس سیریس کرائم انوسٹی گیشن ونگ کے حوالے کر دی پولیس ذرائع نے بتایا کہ ایس ایس پی سیریس کرائم انوسٹی گیشن ونگ کیپٹن (ر) زوہیب حسن نے انچارج نظام خان اور قاسم رودینی کی سربراہی میں ٹیم تشکیل دی جس نے تین ماہ میں جدید ٹیکنالوجی کا استعمال کرتے ہوئے ڈکیتی میں ملوث ملزمان کا سراغ لگایا اور گزشتہ روز شرقی بائی پاس پر چھاپہ مار کر تین ملزمان محمد نبی، محمد ولی اور نصیر احمد کو گرفتار کر کے گاڑی تین لاکھ کی نقدی اور چار موبائل برآمد کر لئے ذرائع نے بتایا کہ گرفتار ملزم محمد نبی نے گاڑی اور نقدی ہتھیانے کیلئے اپنے دو سالوں محمد ولی اور نصیر احمد کے ساتھ مل کر گھر میں ڈکیتی کی ٹیم ملزمان سے مزید تفتیش کر رہی ہے۔

## تمپ میں گھر پر حملہ، ایک شخص زخمی، دوسرے کو اغوا کر لیا گیا

تربت (نامہ نگار) تمپ کے علاقے کوہاڈ میں نامعلوم مسلح افراد نے مسلم ولد ملک واد نامی شخص کے گھر پر حملہ کیا جس کے نتیجے سے ایک شخص زخمی ہوگیا مسلح افراد نے ایک شخص کو اغوا کیا اور جاتے ہوئے گھر میں کھڑی گاڑی کو آگ لگا دی ہے واضح رہے کہ مسلم ملک واد سابق سرپنچ تھا بعد ازاں اس نے سرینڈر کیا۔

Century Express Quetta

## خاران، فائرنگ سے ایک بھائی جاں بحق، دوسرا زخمی

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر / نیوز ایجنسیاں) خاران میں فائرنگ سے ایک بھائی جاں بحق، ایک زخمی ہوگیا، خاران سے ایک شخص کی نعش برآمد بدھ کے روز بلوچستان کے ضلع خاران کے علاقے گی نوتانی میں فائرنگ سے جمل گمسی کا رہائشی ایک بھائی جاں بحق جبکہ دوسرا زخمی ہوگیا ادھر چاغی کے علاقے دوگستان کے قریب پہاڑی سے آغا ولی بڑکزئی کی نعش برآمد کر کے مقامی انتظامیہ نے ضابطہ کی کارروائی کے بعد ورثاء کے حوالے کر دی۔

INTEKHAB QUETTA

## اورماڑہ کے سمندر میں دوران ماہی گیری باپ اور دو بیٹے لاپتہ

**کافی تلاش کے باوجود لاپتہ باپ اور بیٹوں کا کوئی سراغ نہ مل سکا**

اورماڑہ (نمائندہ انتخاب) اورماڑہ کے سمندر میں دوران ماہی گیری باپ اور دو بیٹے لاپتہ، کافی تلاش کے باوجود سراغ نہ مل سکا، اورماڑہ کے کوہ بن کردپاڑہ کے رہائشی قمبے ولد احمد اپنے دو جواں سال بیٹوں آصف اور احمد صبح کے وقت چھوٹی کشتی کے ذریعے شرقی سمندر میں ماہی گیری کرتے ہوئے لاپتہ ہوگئے اور وقت پر گھر نہ پہنچنے پر لاپتہ ماہی گیروں کی تلاش شروع کر دی گئی کافی تلاش کے باوجود لاپتہ

بقیہ نمبر 15 صفحہ 5 پر

باپ اور بیٹوں کا کوئی سراغ نہ مل سکا تاہم تلاش جاری ہے۔

## کوہاڈ تمپ میں مسلح افراد کا ایک گھر پر حملہ، ایک شخص زخمی

تمپ (نامہ نگار) کوہاڈ تمپ میں مسلح افراد کا ایک گھر پر حملہ، جانی و مالی نقصانات کی اطلاع ہے، ذرائع کے مطابق تمپ کے علاقہ کوہاڈ میں گزشتہ شب نامعلوم مسلح افراد نے مسلم ولد ملک واد نامی شخص کی رہائش گاہ کا گھیراؤ کر کے اس پر بھاری ہتھیاروں سے حملہ کیا، اطلاعات کے مطابق ایک شخص کے زخمی ہونے کے ساتھ ساتھ گھر میں کھڑی ایک گاڑی جلنے کی تصدیق کی گئی ہے جبکہ غیر مصدقہ اطلاعات ہیں کہ مسلح افراد گھر میں موجود ایک شخص کو بھی اپنے ہمراہ لے گئے ہیں۔

## پانچ دن سے لاپتہ شخص کی نعش چاغی کے پہاڑوں سے برآمد

چاغی (آئی این پی) بلوچستان کے ضلع چاغی میں پانچ دن سے لاپتہ شخص کی نعش پہاڑوں سے برآمد کر لی گئی ہے۔ تفصیلات کے مطابق چاغی کے علاقے دوگستان سے پانچ دنوں سے لاپتہ شخص آغا ولی بڑکزئی کی نعش کیلاش دوگستان کے قریب پہاڑوں سے برآمد کر لی گئی ہے بتایا جا رہا ہے کہ لاپتہ شخص مجذوب الحواس تھا جو شدید گرمی اور پیاس لگنے کے وجہ جاں بحق ہوئے ہیں۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 5

Dated: 04 JUL 2024 Page No. 22


## کوئٹہ میں بجلی کی طویل و غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ کا سلسلہ جاری، پانی نایاب، عوام کو مشکلات

**شدید گرمی میں بجلی نہ ہونے سے معصوم بچے، بوڑھے، بزرگ اور خواتین کو بھی شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے**

**بدترین لوڈشیڈنگ کا سلسلہ بند کیا جائے بصورت دیگر کیسکو آفس کا گھیراؤ اور سڑکوں پر نکل آئیں گے، شہریوں کا مطالبہ**

کوئٹہ (اے این این) صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں بجلی کی طویل و غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ کا سلسلہ جاری، پانی نایاب، عوام کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑا، شدید گرمی کی وجہ سے شہر میں ٹریفک معمول کے مطابق کم رہی، تفصیلات کے مطابق کوئٹہ کے مختلف علاقے پشتون آباد، شالدرہ، کلی درانی، کاسی روڈ، جان محمد روڈ، جناح روڈ، پرنس روڈ، جناح ٹاؤن، لیڑی گیٹ، خروٹ آباد، ائیرپورٹ روڈ، سریاب روڈ، ہزارہ ٹاؤن، علمدار روڈ، طوغی روڈ، نواں کلی، عالمو چوک سمیت دیگر ملحقہ علاقوں میں شدید گرمی میں بجلی کی طویل و غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ کا سلسلہ جاری ہے جبکہ دوسری......

بقیہ 81 صفحہ نمبر 7 پر

جانب وولٹیج کی کمی اور بجلی نہ ہونے سے عوام کو پانی کے حصول میں مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے جبکہ شدید گرمی میں بجلی نہ ہونے سے معصوم بچے، بوڑھے، بزرگ اور خواتین کو بھی شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ شہریوں نے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ قیامت خیز گرمی میں بجلی کی بدترین لوڈشیڈنگ کر کے شہریوں کو عذاب میں مبتلا کر دیا گیا ہے۔

INTEKHAB QUETTA

## بلوچستان کی غیر روشن سڑکیں وزیراعلیٰ سے ایکشن کا مطالبہ

**صوبہ میں بجلی اور گیس کی قلت سے نمٹنے کے لیے جامع منصوبہ بندی کی ضرورت ہے، ملک ذیشان**

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان کے صوبائی ڈپٹی اطلاعات سیکرٹری ملک ذیشان حسین نے اپنے جاری کردہ بیان میں کہا کہ بلوچستان کے دارالحکومت کوئٹہ کی سڑکوں سے گزرتے ہوئے مجھے ایک جانا پہچانا منظر نظر آتا ہے یعنی اندھیرا۔ قدرتی وسائل سے مالا مال لیکن غربت اور نظرانداز ی سے دوچار صوبہ بلوچستان میں یہ ایک ایسا نظارہ ہے جو بہت زیادہ مانوس ہو چکا ہے۔ لیکن اندھیرا صرف لفظی نہیں ہوتا۔ یہ استعاراتی بھی ہے۔ کیونکہ بلوچستان میں بھلے ہی روشنیاں نہ چمک رہی ہوں لیکن پھر بھی بل ادا کئے جا رہے ہیں۔ بجلی اور گیس کے بلوں کی مد میں لاکھوں روپے عوام کے خرچ ہو رہے ہیں پھر بھی عوام کو وہ خدمات نہیں مل رہیں جو وہ ادا کر رہے ہیں۔ یہ ایک ظالمانہ ستم ظریفی ہے، جو ہمارے صوبے میں موجود شدید تفاوت کو اجاگر کرتی ہے۔ بجلی اور گیس کے بل جو ادا کیے جاتے ہیں لیکن ڈلیور نہیں ہوتے، ان گھروں کی جو اندھیرے میں رہ جاتے ہیں، ان کاروباروں کی زندہ رہنے کے لیے جدوجہد کر رہے ہیں۔ ملک ذیشان حسین نے کہا کہ یہ ایک بحران ہے جس پر فوری توجہ کی ضرورت ہے، اور اسی لیے میں وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے ایکشن لینے کا مطالبہ کر رہا ہوں۔ ہمیں بلوچستان میں بجلی اور گیس کی قلت سے نمٹنے کے لیے ایک جامع منصوبہ بندی کی ضرورت ہے، جو طاقتوروں کے مفادات پر عوام کی ضروریات کو ترجیح دے۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی صاحب نے تعلیم اور صحت کی دیکھ بھال کے حوالے سے اپنی وابستگی ظاہر کی ہے اور اس کے لیے ہم ان کے مشکور ہیں۔ لیکن اب وقت آگیا ہے کہ وہ بجلی اور گیس کے اہم مسئلے کی طرف توجہ دیں۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی صاحب نے تعلیم اور صحت کی دیکھ بھال کے حوالے سے اپنی وابستگی ظاہر کی ہے اور اس کے لیے ہم ان کے مشکور ہیں۔ لیکن اب وقت آگیا ہے کہ وہ بجلی اور گیس کے اہم مسئلے کی طرف توجہ دیں۔ ہمیں ایک ایسے لیڈر کی ضرورت ہے جو اندھیروں پر روشنی ڈالے، جو لوگوں کو امید دلائے، اور جو اس بات کو یقینی بنائے کہ ہمارا صوبہ محض وعدوں سے زیادہ طاقتور ہو۔ بلوچستان کے لوگ لچکدار ہیں، مضبوط ہیں۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 6

Dated: 04 JUL 2024 Page No. 23

# بجلی کے زرعی ٹیوب ویلوں کی سولرائزیشن، مستحسن اقدامات!!

ایک خبر کے مطابق وزیراعظم شہباز شریف کی زیر صدارت گزشتہ روز بلوچستان کے زرعی ٹیوب ویلوں کی سولرائزیشن کے حوالے سے اعلیٰ سطحی اجلاس منعقد ہوا ہے جس کے دوران جہاں ایک طرف وزیراعظم شہباز شریف نے اس اہم مسئلے کو ترجیحی بنیادوں پر حل کرنے کی تاکید وہدایت کی وہاں اجلاس میں بذریعہ ویڈیو لنک شریک وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفرا زبگٹی نے اجلاس کے شرکاء کو بلوچستان کے سب سے بڑے اور اہم شعبے کو درپیش اس اہم مسئلے کے حوالے سے بریفنگ دیتے ہوئے اس بات کی ضرورت پر زور دیا کہ بلوچستان کے زمینداروں کے اس اہم مسئلے کو حل کیا جائے۔ وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے وزیراعظم اور اجلاس کے شرکاء کو بلوچستان کے زمینداروں کے مسائل سے آگاہی دیتے ہوئے صوبائی حکومت کے موقف اور اٹھائے گئے اقدامات پر روشنی ڈالی وزیراعلیٰ بلوچستان نے اجلاس میں اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ صوبائی حکومت نے زرعی ٹیوب ویلوں کو شمسی توانائی پر منتقل کرنے کے لئے صوبائی بجٹ میں دس ارب روپے رکھے ہیں اور گزشتہ کئی برسوں کے دوران صوبائی حکومت اس ضمن میں اربوں روپے کی سبسڈی بھی دے چکی ہے انہوں نے کہا کہ قانونی کنکشنز کی شمسی توانائی پر منتقلی سے سبسڈی کی مد میں بھی اربوں روپے کی بچت ہوگی وزیراعلیٰ نے کہا کہ زمینداروں کے مسئلے کا فوری حل چاہتے ہیں اس اہم مسئلے میں کسی بھی تاخیر کی صورت میں زمینداروں کا نقصان ہوگا صوبائی حکومت کی یہی کوشش ہے کہ وفاقی حکومت اس حوالے سے امور کو جلد حتمی شکل دے وزیراعظم محمد شہباز شریف نے اجلاس میں شریک پاور ڈویژن کی ٹیم کو بلوچستان پہنچنے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ گزشتہ اجلاسوں میں طے ہونے والے نکات کے مطابق معاہدہ کو حتمی شکل دی جائے اور اس اہم مسئلے کو ترجیحی بنیادوں پر حل کیا جائے انہوں نے کہا کہ وفاقی حکومت بلوچستان کے مسائل سے آگاہ ہے اور اس سلسلے میں وفاق صوبائی حکومت کو اپنی بھرپور معاونت فراہم کرے گی ہمیں امید ہے کہ وزیراعظم شہباز شریف کی ہدایت پر پاور ڈویژن کی متعلقہ ٹیم جلد سے جلد اور فوری طور پر آئے گی اور اس اہم مسئلے سے متعلق مزید پیشرفت کو یقینی بنایا جائے گا وزیراعظم شہباز شریف اور وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے بلوچستان کے سب سے بڑے اور اہم ترین شعبے سے متعلق جو اہم فیصلہ کیا ہے اور اقدامات اٹھائے ہیں وہ قابل ستائش ہیں زرعی ٹیوب ویلوں کی سولرائزیشن سے بجلی بحران میں کمی آئے گی، زمینداروں کے آئے روز احتجاج کا سلسلہ ختم ہوگا، زرعی پیداوار بہتر ہوگی علاوہ ازیں وفاق اور صوبہ مل کر بلوچستان کے زمینداروں کو جو اربوں روپے کی سبسڈی دے رہے ہیں اس کی بھی بچت ہوگی اس وقت جبکہ ملک کے اکثر علاقے بدستور شدید گرمی کی لپیٹ میں ہیں اور ہمیشہ کی طرح امسال بھی بلوچستان میں بالخصوص اور ملک کے باقی حصوں میں بالعموم گرمی شروع ہونے کے ساتھ ہی بجلی کی آنکھ مچولی، وولٹیج کی کمی بیشی اور اضافی وغیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ کا سلسلہ بھی بدستور جاری ہے ایک طرف گھریلو اور کمرشل صارفین کو بجلی کی کمی کے باعث مشکلات اور پریشانیوں کا سامنا ہے تو دوسری زرعی شعبے پر بھی بجلی بحران کے انتہائی مضر اور منفی اثرات مرتب ہورہے ہیں جبھی تو بلوچستان کے زمیندار سراپا احتجاج ہیں ابھی چار پانچ روز قبل بلوچستان کی تمام قومی شاہراہوں پر بجلی کی لوڈشیڈنگ کے خلاف زمیندار ایکشن کمیٹی کی کال پر پہیہ جام احتجاج کیا گیا جس کے نتیجے میں قومی شاہراہوں پر لوگوں کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑا ہر چند کہ مذکورہ احتجاج اسی روز ہی ختم کردیا گیا تاہم زمینداروں کا کہنا ہے کہ بجلی کی فراہمی ودستیابی ممکن نہیں ہو پائی صوبے کے زرعی فیڈرز پر طویل اور غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ کا سلسلہ اسی طرح جاری ہے جس کے باعث کھڑی فصلوں کو نقصان پہنچ رہا ہے اور باغات خشک ہونے کے قریب ہیں زمینداروں کو بجلی کی عدم دستیابی کا مسئلہ آج کا نہیں بلکہ گزشتہ کئی برسوں بلکہ کئی عشروں سے موجود چلا آیا ہے البتہ موجودہ حکومت کو اس بات کا کریڈٹ جاتا ہے کہ اس حکومت نے بلوچستان کے زمینداروں کے ایک دیرینہ مطالبے کو تسلیم کرتے ہوئے بلوچستان کے طول وعرض میں زرعی ٹیوب ویلوں کو شمسی توانائی پر منتقل کرنے کا نہ صرف فیصلہ اور اعلان کیا بلکہ اس ضمن میں عملی پیشرفت بھی شروع ہوگئی ہے بلوچستان کے رواں مالی سال کے بجٹ میں زرعی ٹیوب ویلوں کی سولرائزیشن کے لئے دس ارب روپے مختص کئے گئے ہیں اپنی بجٹ تقریر میں وزیر خزانہ شعیب نوشیروانی نے زمینداروں کو دی جانے والی سبسڈی کا بھی ذکر کیا اور بتایا کہ بلوچستان متبادل توانائی کے ذرائع سے مالا مال ہے اس ضمن میں ساڑھے انتیس ہزار سے زائد زرعی ٹیوب ویلوں کو سبسڈی دی جارہی ہے انہیں وفاقی حکومت کے تعاون سے شمسی توانائی میں تبدیل کیا جارہا ہے جس کے لئے حکومت بلوچستان کی جانب سے آئندہ مالی سال کے دوران دس بلین روپے مختص کئے گئے ہیں اس سے قبل وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی ہی کی کوششوں اور کاوشوں سے زمینداروں نے بلوچستان اسمبلی کے باہر لگائے گئے کیمپ کو ختم کیا وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی زمینداروں کے مسائل کو لے کر وفاق گئے وہاں انہوں نے وزیراعظم شہباز شریف سے ملاقات کی وفاق میں اس اہم مسئلے کو اٹھایا اور اس کی بدولت وزیراعظم نے نہ صرف بلوچستان کے زرعی ٹیوب ویلوں کی سولرائزیشن کے حوالے سے حامی بھری اور اعلانات کئے بلکہ اس کے فوراً بعد اس ضمن میں عملی پیشرفت بھی ہوئی وفاقی بجٹ پیش ہونے سے پہلے وزیراعظم کی زیر صدارت بلوچستان کے مسائل پر جو اجلاس ہوا اس میں وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے بطور خاص شرکت کی اور وزیراعظم سے اس اہم مسئلے کے حل کی درخواست کی جس پر وزیراعظم نے زمینداروں کے دیرینہ مسئلے کے حل کی یقین دہانی کرائی اور جہاں زرعی ٹیوب ویلوں کو شمسی توانائی پر منتقل کرنے کا اعلان کیا اور وہاں انہوں نے ہدایت کی زرعی ٹیوب ویلوں کی شمسی توانائی پر منتقلی تک بلوچستان میں بجلی کی لوڈشیڈنگ کم سے کم کی جائے تاکہ فصلوں اور باغات سے زرعی پیداوار متاثر نہ ہو افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ وزیراعظم کی اس ہدایت پر عمل نہیں ہوسکا اور ابھی شدید گرم موسم میں گھریلو اور کمرشل صارفین کی طرح زرعی صارفین کا بھی کوئی پرسان حال نہیں ہونا یہ چاہئے کہ فوری طور پر بلوچستان بھر میں بجلی کی اضافی اور غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ ختم کی جائے رہ گئی زرعی ٹیوب ویلوں کی سولرائزیشن کی بات تو ہمیں قوی امید ہے کہ آنے والے برسوں نہیں بلکہ مہینوں میں اس حوالے سے مزید اہم، مثبت اور حوصلہ افزاء پیشرفت ہوگی اور جلد ہی سولرائزیشن کا عمل مکمل ہوگا اور اس کے ہمہ پہلو فوائد وثمرات ملک اور صوبے کو ملیں گے۔

CamScanner

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily:_ AZADI QUETTA

Bullet No. 6

Dated: 04 JUL 2024 Page No. 27

# بلوچستان میں زرعی ٹیوب ویلوں کی شمسی توانائی پر منتقلی، وزیراعظم سے زمینداروں کی امیدیں وتوقعات!

بلوچستان میں زراعت کا شعبہ بجلی کی اعلانیہ وغیر اعلانیہ لوڈ شیڈنگ سے تباہ ہوکر رہ گیا ہے، کاشت کے دوران بجلی نہ ہونے کی وجہ سے فصلوں کو پانی کی فراہمی نہیں ہوتی جس سے کسانوں کو مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ سالہا سال اپنی زمینوں پر پھل، فروٹ، سبزی سمیت دیگر غذائی اجناس کی کاشت کاری کرتے ہیں مگر پانی بروقت نہ ملنے پر فصلیں تباہ ہو جاتی ہیں جس کی بڑی وجہ بجلی کی کمی ہے۔ بلوچستان ایک زرعی صوبہ ہے روزگار کا ایک بڑا ذریعہ زراعت ہے جس سے بڑی تعداد میں لوگ وابستہ ہیں فصلوں کی کاشت کو نقصان پہنچنے سے عوام پر بوجھ آتا ہے کیونکہ دیگر ممالک اور صوبوں سے جب غذائی اجناس بیوپاری بلوچستان لاتے ہیں تو ان کی قیمت دگنی ہو جاتی ہے اور عوام کو مہنگے داموں خریدنا پڑتا ہے۔ بلوچستان اپنے پیداواری اجناس سے محروم رہ جاتا ہے ۔زمیندار، کسان سب کو نقصان کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ بلوچستان کے زمینداروں کا مطالبہ ہے کہ انہیں بجلی کی فراہمی یقینی بنائی جائے تاکہ ان کی فصلوں کی پیداوار متاثر نہ ہو اور وہ مالی نقصان سے بچ جائیں۔ گزشتہ سیلاب، بارشوں اور قحط سالی جیسے آفات کی وجہ سے زمینداروں کو بہت زیادہ نقصان اٹھانا پڑا اور زراعت کا شعبہ بھی بری طرح متاثر ہوا۔ پی ڈی ایم کی وفاقی حکومت نے وعدہ کیا تھا کہ کسانوں کے نقصانات کا ازالہ کیا جائے گا اور پیکج کے ذریعے مدد کی جائے گی مگر زمینداروں کا مسئلہ تاحال حل نہیں ہوا ہے۔ بہرحال بلوچستان کے زرعی شعبے کو تباہی سے بچانے کیلئے اقدامات اٹھائے جائیں۔ حال ہی میں وزیراعظم میاں محمد شہباز شریف نے بلوچستان میں زرعی ٹیوب ویلوں کو شمسی توانائی پر منتقل کرنے کے عمل کو تیزی سے مکمل کرنے کا اعادہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ وفاقی حکومت اس حوالے سے ہر ممکن مدد فراہم کرے گی۔ وزیر اعظم نے کہا کہ بلوچستان کے عوام کی فلاح و بہبود ہماری اولین ترجیح ہے۔ انہوں نے ہدایت کی کہ زرعی ٹیوب ویلوں کی شمسی توانائی پر منتقلی تک بلوچستان میں بجلی کی لوڈ شیڈنگ کم سے کم کی جائے تاکہ فصلوں اور باغات سے زرعی پیداوار متاثر نہ ہو۔ وزیراعظم میاں محمد شہباز شریف کی جانب سے بلوچستان میں زرعی پیداوار کو فروغ دینے کا وعدہ کیا گیا ہے جبکہ زرعی ٹیوب ویلوں کو شمسی توانائی پر منتقل کرنے کا بھی فیصلہ کیا گیا ہے اور اس منصوبے پر تیزی سے عمل کرنے کی ہدایت کی گئی ہے۔ امید ہے کہ موجودہ حکومت بلوچستان میں زرعی شعبے کو تباہی سے بچانے کیلئے ہنگامی بنیادوں پر اقدامات اٹھائے گی تاکہ بلوچستان میں زرعی پیداوار متاثر نہ ہو۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan Time Quetta

Bullet No. 6

Dated: 04 JUL 2024 Page No. 26

# Crushing blow to agriculture

The constant 21-hour electricity load-shedding in Noushki district of Balochistan, has dealt a devastating blow to the agricultural sector in the area, destroying standing crops and inflicting huge financial losses on farmers. Despite peaceful protests, rallies, and strikes, the government and QESCO authority remain indifferent, turning a blind eye to the suffering of the farmers. Regrettably, despite rallies and protests, the government and authorities concerned did not come to rescue farmers.

Agriculture is the backbone of Balochistan's economy and approximately 70 percent people in the province are directly or indirectly linked with this sector to earn a respectable livelihood, and the destruction of this sector will have far-reaching consequences, plunging the province into poverty and backwardness. The masses, already beset by numerous challenges, will face even greater hardships in coming days.

Despite its natural wealth, Balochistan grapples with economic challenges. 60% of its population lives below the poverty line and it lags in health and education indicators. Urgent government attention is needed to address these issues. Food security is crucial for sustaining livelihoods and immediate measures are required to meet this fundamental need in Balochistan. The province ranks lowest on health, education and other social indicators, not only in Pakistan but even in South Asia as a whole. It has one of the highest total, as well as infant and maternal mortality rates, as well as one of the lowest education indicators with only 40% of children educated and only 20[illegible] women. The degradation of agricul[illegible] directly hits people hailing from all [illegible]ments of life.

The government's apathy towards Balochistan's plight is a stark reminder of the province's backwardness and deprivation. The widening gulf between the province and the federation will only exacerbate the sense of alienation and discontent among the people of Balochistan.

It is imperative that the government takes immediate action to address the load-shedding issue, providing relief to the farmers and supporting the agricultural sector. The future of Balochistan's economy and the well-being of its people depend on it. The successive governments had promised to convert agriculture tube wells into solar but they did not honour their commitments. It is essential that the rulers must recognize the gravity of the situation and work towards finding a solution, lest the consequences of their neglect perpetuate the cycle of poverty and suffering in Balochistan. The farmers deserve better, and it is time for the government to acknowledge their plight and take corrective measures.

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan Express Quetta

Bullet No. 6

Dated: 04 JUL 2024 Page No. 27

# Jail Security

Strong jail security is not just about locking doors; it's about safeguarding justice and protecting the fabric of society. The recent jailbreaks in various regions of the country have exposed glaring vulnerabilities in our prison system that require immediate remediation. Strengthening jail security measures, addressing overcrowding issues, and adopting a comprehensive approach to prison management are critical steps towards enhancing public safety and upholding the rule of law. The authorities must demonstrate a firm commitment to addressing these challenges and restoring confidence in the effectiveness of our criminal justice system. Failure to do so would not only jeopardize the security of our communities but also compromise the fundamental principles of justice and accountability. The escape of dangerous individuals, such as murderers, rapists, and terrorists, not only undermines public trust in the criminal justice system but also poses a direct threat to community safety. The recurrence of such incidents can have dire consequences for society at large, perpetuating a cycle of violence and impunity.

Therefore, it is imperative that swift and decisive action be taken to prevent future jailbreaks and ensure the effective containment of high-risk individuals. The recent jailbreaks should serve as a wake-up call for the authorities to prioritize the enhancement of security measures in all detention facilities. Conducting thorough audits, upgrading infrastructure, and implementing stringent protocols are essential steps in fortifying the integrity of our correctional system. Furthermore, investing in staff training, enhancing surveillance capabilities, and deploying modern technology can significantly bolster the resilience of prisons against security breaches. It is evident that a holistic approach is required to address the myriad challenges facing our prison system. One crucial aspect that demands immediate attention is the issue of overcrowding, which not only compromises the safety and well-being of inmates but also hampers the effective management of prison facilities. Moreover, the location of jails in densely populated urban areas poses significant security risks and necessitates the need for strategic relocation to more isolated settings. Reports indicate that the prison building is in a state of disrepair and ill-equipped to house hardened criminals.

Such deficiencies not only pose a direct threat to public safety but also expose the systemic shortcomings within the prison system. Similarly, the escape of a prime murder suspect from a Karachi court premises highlights the vulnerabilities that exist even in supposedly secure locations. The escape of 19 inmates from Rawalakot jail in Azad Kashmir, followed by the flight of three prisoners from a sub-jail in Balochistan's Duki town, underscores the urgent need for a comprehensive review of existing security protocols and infrastructure in correctional facilities across the country. The fact that these escapees were individuals convicted of heinous crimes further exacerbates the gravity of the situation. Series of alarming jailbreaks have cast a shadow of doubt on the ability of law enforcement agencies to maintain secure penitentiaries. The incidents in Azad Kashmir's Rawalakot and Balochistan's Duki town have revealed significant lapses in prison security, raising serious concerns about the safety of communities and the credibility of the criminal justice system.

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Tribune Express Karachi

Bullet No 7

Dated: 03 JUL 2024 Page No. 28

## Quick solarisation of tube-wells urged

QUETTA. Balochistan's Chief Minister, Mir Sarfaraz Bugti, has urged the federal government to quicken the process of solarizing the province's agri-tube wells. He made this request during a video link meeting with the Prime Minister Mohammad Shehbaz Sharif held here on Tuesday. During the Prime Minister's briefing, the Chief Minister informed him that the province government has set aside Rs10 billion in its PSDP for the fiscal year 2024-2025 for the conversion of almost 3,000 agri tube wells to solar power. Besides, the provincial government has also extended financial support to the agriculture sector by providing subsidy worth billions of rupees during the last couple of years. "Conversion of legal power Agri-connections to the solar power would save billions of rupees to national exchequer annually," he hoped. APP

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No.

Dated: 04 JUL 2024 Page No.



صوبائی مشیر ماحولیات نسیم الرحمن کا موسمیاتی تبدیلی کے حوالے سے سیمینار کے شرکاء کے ہمراہ گروپ



وزیر داخلہ ضیاء لانگو کو کوئٹہ سیف سٹی پراجیکٹ کے دورہ کے موقع پر بریفنگ دی جارہی ہے

MASHRIQ QUETTA



کوئٹہ: صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء لانگو آئی جی عبدالخالق شیخ کے ہمراہ منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں



صوبائی وزیر آبپاشی میر صادق عمرانی سے نصیرآباد ڈویژن و دیگر علاقوں سے آئے ہوئے لوگ ملاقات کر رہے ہیں

CamScanner